کیا جنتی میاں بیوی ایک ہی درجے میں ہوں گے؟

مجیب: ابو الفیضان مولانا عرفان احمد عطاری

فتوی نمبر: WAT-3311

تاریخ اجراء: 13 جمادی الاولیٰ 1446ھ / 16 نومبر 2024ء

دار الافتاء اہلسنت
(دعوت اسلامی)

سوال

میاں بیوی دونوں جنتی ہوئے، تو وہ دونوں جنت میں جائیں گے، میرا سوال یہ ہے کہ جنت میں اعمال کے اعتبار سے درجات مختلف ہوں گے، کیا جنت میں میاں بیوی دونوں کا الگ الگ درجہ ہو گا؟ یا کس طرح ہو گا؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِكِ الۡوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الۡحَقِّ وَ الصَّوَابِ

اگر دونوں میاں بیوی جنتی ہوں، تو جنت میں ایک ساتھ ہوں گے، ان میں سے جس کا درجہ اعلی ہو گا، اللہ کریم کم درجے والے کا درجہ بڑھا کر دونوں میاں بیوی کو اعلی درجے میں جمع فرمادے گا۔

جیسا کہ اللہ کریم نے ارشاد فرمایا ﴿جَنّٰتُ عَدۡنٍ یَّدۡخُلُوۡنَهَا وَ مَنۡ صَلَحَ مِنۡ اٰبَآىٕهِمۡ وَ اَزۡوَاجِهِمۡ وَ ذُرِّیّٰتِهِمۡ﴾ ترجمہ کنز الایمان: بسنے کے باغ جن میں وہ داخل ہوں گے اور جو لائق ہوں ان کے باپ دادا اور بی بیوں اور اولاد میں۔ (پارہ 13، سورۃ الرعد، آیت: 23)

اس آیت مبارکہ کے جز ﴿وَ مَنۡ صَلَحَ مِنۡ اٰبَآىٕهِمۡ وَ اَزۡوَاجِهِمۡ وَ ذُرِّیّٰتِهِمۡ﴾ کے تحت تفسیر ابن کثیر میں ہے: "أي يجمع بينهم وبين أحبابهم فيها من الآباء والأهلين والأبناء، ممن هو صالح لدخول الجنة من المؤمنين، لتقر أعينهم بهم حتى إنه ترفع درجة الأدنى إلى درجة الأعلى امتنانا من الله وإحسانا من غير تنقيص للأعلى عن درجته" ترجمہ: یعنی اللہ کریم جنتیوں کو ان کے آباؤ اجداد، اولاد اور گھر والوں میں سے ان کے ساتھ جمع فرمائے گا، جو مؤمنین میں سے جنت میں داخل ہونے کی صلاحیت رکھتا ہو گا، تاکہ ان جنتیوں کی آنکھیں ان کی بدولت ٹھنڈی ہوں، حتی کہ کم درجے والے پر احسان کرتے ہوئے، اس کا درجہ بڑھا کر اعلی درجے والے کے ساتھ کر دیا جائے گا جبکہ اس کی درجہ میں کمی نہ ہو گی۔ (تفسیر ابن کثیر، جلد 4، صفحہ 388، دار الکتب العلمیۃ، بیروت)

وَاللّٰهُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُه اَعْلَم صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com

daruliftaahlesunnat

DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat

feedback@daruliftaahlesunnat.net